Kevin Moran
Chief School Operations Officer
Department of Education

52 Chambers Street
New York, NY 10007

1 فروری، 2023

مکرمی اہل خانہ اور عملہ:

میں نیویارک شہر محکمہ تعلیم (DOE) میں ہونے والے موجودہ اقدامات کے بارے میں جدید ترین معلومات فراہم کرنا چاہتا ہوں جو ہمارے اسکولوں میں پانی کو طلبا اور علمے کے لیے محفوظ ہونے کو یقینی بناتے ہیں۔

اول اور اہم ترین، نیویارک شہر کا پانی محفوظ ہے۔ خاندانوں اور عملے کو یقین ہونا چاہیئے کہ ہمارا پینے کا پانی دنیا میں اعلی ترین معیار کا ہے۔ نیو یارک شہر کا پانی تمام وفاق اور ریاستی معیارات پر پورا اترتا ہے یا ان سے متجاوز ہے۔ اس کے علاوہ، محکمہ تعلیم شہر کے دیگر اداروں کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لیے کام کرتا ہے کہ اسکولوں میں محفوظ پینے کا پانی موجود ہو۔ طلبا اور عملے کا تحفظ اور ان کی بہبود ہماری اعلٰی ترین ترجیح ہے۔

ریاستی قانون کے مطابق، تمام اسکولوں کے لیے ہر تین سال بعد سیسے کے لیے پانی کی جانچ کروانا لازمی ہے۔ 2023 سے آغاز کرتے ہوئے، محکمہ تعلیم ایک نیا جانچ کا دورانیہ شروع کر رہا ہے جو دسمبر 2025 میں ختم ہوگا۔ اس دورانیے کے پہلے مرحلے ہم سلسلہ گروہ 2023 (Cohort 2023) میں، ایک تہائی عمارتوں کی جانچ کی جائے گی۔

آپ کے اسکول کی عمارت کو کوہرٹ 2023 کے ایک جز کے بطور منتخب کیا گیا ہے۔ جب عمارت کی جانچ ہو جائیگی اور لیب کے نتائج موصول ہو جائینگے، آپ کو نتائج کے بارے میں اطلاع کر دی جائے گی۔ کسی بھی عمارت میں جہاں نتائج میں صرف ایک پانی کے نکاس میں بھی اونچے عمل کی سطح (ایکشن لیول) نظر آئے گی، محکمہ تعلیم اپنا معیاری ردِعمل طریقہ کار نافذ کرے گا۔

ہر ایک اور تمام اسکولوں میں پینے کے پانی کو محفوظ بنانے کے لیے ہمارے استعمال کیے جانے والے کڑے طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے براہِ مہربانی https://www.schools.nyc.gov/school-life/space-and-facilities/space-and-facilities-reports/water-safety پر جائیں۔

آپ کا مخلص،

Kevin Moran